ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(55)

25-01-2023

**بہاول پور()پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 20روز کی کارکردگی ، 281 اشتہاری و30عدالتی مفروران سمیت489ملزمان گرفتار،منشیات میں 21 کلو770 گرام چرس، 267 کلو بھنگ اور 50 گرام آئس برآمد،غیر قانونی اسلحہ میں 31عدد پسٹل 30بور، 01ریپٹر، 02 کاربین، 02رائفل، 02بندوق اور 01ریوالور32بور برآمد،مقدمات درج۔ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے،معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا،ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے داؤ پر لگی رقم،منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا۔تھانہ سٹی حاصلپور،سٹی یزمان، دھوڑکوٹ، بغداد الجدید اور چنی گوٹھ پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے مقدمات درج کر کے 53ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی لاکھوں روپے اور جواء کا سامان برآمد کر لیا۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کو50ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے2386 لیٹر دیسی شراب ، 280لیٹر لہن معہ 10 چالو بھٹیاں اور 01عدد ولائیتی بوتل برآمد کر لیں۔منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 25ملزمان کو گرفتار کر کے 21 کلو770 گرام چرس، 267 کلو بھنگ اور 50 گرام آئس برآمد کر لی۔پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 39ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 31عدد پسٹل 30بور، 01ریپٹر، 02 کاربین، 02رائفل، 02بندوق اور 01ریوالور32بور برآمد کر لیا۔مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے کیٹگری "A" کے 24اور "B" کے 257 سمیت 281 مجرم اشتہاری جبکہ کیٹگری "B" کے 30 عدالتی مفروران کو بھی گرفتار کر کے چالان عدالت کیا گیا۔ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی پر تھانہ سول لائنز، چنی گوٹھ، خیرپور ٹامیوالی، سٹی احمد پور شرقیہ اور دھوڑکوٹ نے 08مقدمات درج کر کے 11ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے،معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 20روز کی کارکردگی، 281اشتہاری و30عدالتی مفروران سمیت 489ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز (56)

25-01-2023

**بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر پر قابو پانے کے لئے تکنیکی بنیادوں پر بھی متحرک، سمارٹ پولیسنگ اور آن لائن سسٹم کا بھرپور استعمال، ماہ جنوری کے پہلے 20 روز میں 300 سے زائد پرائیویٹ ملازمان کی رجسٹریشن مکمل، ڈی پی او عبادت نثار کے حکم پر رہائش گاہوں ،کاروباری مراکز اور فیکٹریوں میں کام کرنے والے پرائیویٹ ملازمین کی رجسٹریشن مہم جاری، شہریوں کی حفاظت اور کرائم کنٹرول میں سول سوسائٹی کا پولیس کے ساتھ تعاون نہایت ضروری ہے، اپنی رہائش گاہوں، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں پر پرائیویٹ ملازم رکھنے سے پہلے قریبی تھانے میں رجسٹریشن لازمی کروائیں تاکہ عوام الناس کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے ڈی پی او۔**

بہاولپور() تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کی طرف سے انسداد جرائیم مہم اور عوام الناس کو تحفظ فراہم کرنے کے حوالے سے کاوشیں تیز کردی گئیں ۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر ماہ جنوری کے پہلے 20 روز میں 300 سے زائد پرائیوٹ ملازمین رجسٹرڈ کیے گئے جس میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔ڈی پی او بہاولپور نے شہریوں سے درخواست کی ہے کہ مکان کی کرایہ داری اور اپنی ہائش گاہوں، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں پر ملازم رکھنے سے پہلے قریبی تھانے میں رجسٹریشن لازمی کروائیں تاکہ عوام الناس کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ افراد اور شرپسند عناصر ایک شہر سے دوسرے شہر جرم کی نیت سے جاتے ہیں یا پھر مختلف مقدمات میں مطلوب افراد اپنے آپ کو چھپانے کیلئے ہوٹلز، سرائے یا مکان کرائے پر لیکر پناہ اختیار کرتے ہیں۔علاوہ ازیں عوام الناس کی رہائش گاہوں، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں پر کام کرنے والے پرائیویٹ ملازمین بھی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہوسکتے ہیں۔قیام امن اور انسداد جرائم کے سلسلہ میں رہائش گاہوں، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں پر کام کرنے والے پرائیویٹ ملازمین کی رجسٹریشن انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔شہریوں کی حفاظت اور کرائم کنٹرول میں سول سوسائٹی کا پولیس کے ساتھ تعاون نہایت ضروری ہے۔غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والے شہری ضلع کا امن خراب کرنے اور دوسرے شہریوں کی زندگی بھی خطرے میں ڈال سکتے ہیں۔انسداد جرائم مہم کے تحت بہاولپور پولیس انتہائی تندہی سے کاوشوں میں مصروف عمل ہے جس میں مستقبل میں مزید تیزی لائی جاے گی۔تاکہ ضلع بہاولپور کو امن کا گہوارہ اور عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ڈی پی او نے اس موقع پر کہا کہ معاشرے میں قانون کی بالادستی کو برقرار رکھتے ہوئے شہریوں کو سروس ڈیلیوری کی با آسانی فراہمی اور جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع پنجاب پولیس کا نصب العین ہے افسران جدید اور عوام دوست پولیسنگ کے ساتھ بھرپور انسدادی کاروائیوں سے معاشرے میں احساس تحفظ کی فضا قائم کرسکیں۔

ترجمان پولیس بہاولپور




بہاول پور پولیس کی سمارٹ پولیسنگ اور آن لائن سسٹم کا بھرپور استعمال، ماہ جنوری کے پہلے 20 روز میں 300 سے زائد پرائیویٹ ملازمان کی رجسٹریشن مکمل